[This question paper contains 2 printed pages]

Roll No. 

**S. No. of Question Paper : 13150**

**Unique Paper Code : 2144000009**

**Name of the Paper : Poet Faiz Ahmad Faiz**

**Name of the Course : Common Programme Group GEL**

**Semester : V**

**Duration : 3 Hours**

**Maximum Marks: 90**

*(Write your Roll No. on the top immediately on receipt of this question paper.)*

نوٹ: صرف پانچ سوالوں کے جواب لکھیے۔پہلا سوال لازمی ہے۔ نمبر مساوی ہیں۔

۱۔ درج ذیل شعری اقتباسات میں سے کسی ایک حصے کی تشریح مع حوالہ کیجیے۔

(الف)

چاہا ہے اسی رنگ میں لیلائے وطن کو
تڑپا ہے اسی طور سے دل اس کی لگن میں
ڈھونڈی ہے یوں ہی شوق نے آسائش منزل
رخسار کے خم میں کبھی کاکل کی شکن میں
اس جان جہاں کو بھی یوں ہی قلب و نظر نے
ہنس ہنس کے صدا دی کبھی رو رو کے پکارا
پورے کیے سب حرف تمنا کے تقاضے
ہر درد کو اجیالا ہر اک غم کو سنوارا

(ب)

دل میں اب یوں ترے بھولے ہوئے غم آتے ہیں
جیسے بچھڑے ہوئے کعبہ میں صنم آتے ہیں

ایک اک کر کے ہوئے جاتے ہیں تارے روشن
میری منزل کی طرف تیرے قدم آتے ہیں

رقص مے تیز کرو ساز کی لے تیز کرو
سوئے مے خانہ سفیران حرم آتے ہیں

کچھ ہمیں کو نہیں احسان اٹھانے کا دماغ
وہ تو جب آتے ہیں مائل بہ کرم آتے ہیں

اور کچھ دیر نہ گزرے شب فرقت سے کہو
دل بھی کم دکھتا ہے وہ یاد بھی کم آتے ہیں

۲۔ فیض کی سوانح اور شخصیت پر اظہار خیال کیجیے۔

۳۔ فیض کی فکر و فن کا جائزہ لیجیے۔

۴۔ نظم "رقیب سے" کا تجزیہ کیجیے۔

۵۔ "فیض کی شاعری میں ترقی پسند عناصر" پر ایک مضمون قلمبند کیجیے۔

۶۔ نظم" دو عشق" کے مرکزی خیال پر روشنی ڈالیے۔

۷۔ فیض کی نظم نگاری کے موضوعات کا جائزہ لیجیے۔

۸۔ فیض کی غزل گوئی کے امتیازات پر اظہار خیال کیجیے۔